# حضرت فاطمہ زهرا (سلام اللہ علیها)کے خطبہ کے آثار

<"xml encoding="UTF-8?>

حضرت فاطمہ زهرا (سلام اللہ علیها)کے خطبہ کے آثار

آپ کے اس خطبہ کا اثرلوگوں پر خاص طور سے انصارپر بهت ہوا، کیونکہ یہ خطبہ واقعیت اور صداقت پر مبنی تها اور اس خطبہ میں قرآن کریم اور سنت نبوی سے دلائل پیش کئے گئے تهے کہ حضرت پر کیا کیا ظلم وستم ہوئے، اس خطبہ میں حضرت علی علیہ السلام کی فضیلت بیان کی گئی اور باقاعدہ دلیلوں کے ذریعہ یہ ثابت کیا گیا کہ آپ ہی خلافت رسول کے حقدار تهے، اور جس وقت انصار پر اس خطبہ کا اثر ہوا تو حضرت علی کا نام لے لےکر چلانا شروع کیا، چنانچہ یہ دیکھ کر اہل سقیفہ نے خطرہ کا احساس کیا اور ابوبکر نے نماز جامعہ کی طرف بلایا جس پر سب دوڑے ہوئے چلے گئے۔

جوهری نے جعفر بن محمد بن عمارہ سے متعدد طریقوسے روایت کرتے ہوئے کها : جب جناب ابوبکر نے حضرت زهرا سلام اللہ علیها کا خطبہ سنا تو اس پر بهت گراں گزرا، چنانچہ منبر پر جاکر اس طرح لوگوں سے خطاب کیا :

اٴلا من سمع فلیقل، ومن شهد فلیتکلم، انما هو ثُعالة شهیده ذنبه، مربّ لکلّ فتنةٍ، هوالذی یقول: کرّوهاً جذعةً بعد ما هرمت، یستعینون بالضعفة، و یستنصرون بالنساء، کاٴمِّ طحال اٴحب اٴهلها الیها البغي !!!

اٴلا انی لواٴشاء ان اٴقول لقلت، ولوقلت لبحت، وانی ساکت ماتُرکت

ثم التفت الی الاٴنصار فقال: قد بلغنی یا معشر الاٴنصار مقالة سفهائکم، فو اللّٰه ان اٴحق الناس بلزوم عهدرسول اللّٰه اٴنتم، فقد جاء کم فآویتم ونصرتم، واٴنتم الیوم احق من لزم عهده، ومع ذلک فاغدوا علیٰ اٴعطیاتکم، فانی لست کاشفاً قناعاً، ولا باسطاً ذراعاً ولا لساناً الّا علی من استحق ذلک، والسلام

ثم نزل، فانصرفت فاطمة علیها السلام الیٰ منزلها( دلائل الامامة ۱۲۳، شرح ابن ابی الحدید ج۱۶ ص ۲۱۵)

”یہ سب کچھ جو تم لوگوں نے سنا ، اور چونکہ ہربات کا ایک مقصد ہوتا ہے، اور یہ بات زمانہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم میں کهاں تهی؟ پس جس نے بهی سنا ہو وہ بتائے اور جس نے بهی دیکها ہو وہ گواهی دے، یہ سب کچھ مکروفریب ہے اور اس کا گواہ اس کا شوهر ہے، جو ہر فتنہ کی جڑ ہے، وہ یہ کهتے ہیں کہ یہ لوگ حق وحقیقت کو پانے کے بعد زمان جاہلیت کی طرف پلٹ گئے ، اور وہ بچوں (حسن وحسین(ع)) کے ذریعہ مدد لیتے ہیں اور عورتوں کے سهارے نصرت ومدد چاہتے ہیں جس طرح امّ طحال (زمان جاہلیت میں باغی اور سرکش عورت) سے اس کے اہل خانہ اس کی نازیبا حرکتوں سے خوش ہوتے ہیں۔!!

آگاہ رہو کہ اگر میں چاہتا تو کهتا، او راگر کهتا تو تم مبهوت ہوکر رہ جاتے، لیکن میں تو اس وقت ساکت بیٹها ہوں۔

اس کے بعد انصار کی طرف متوجہ ہوکر کها:

” اے گروہ انصار !

تم لوگوں میں سے بعض احمقوں کی گفتگومجھ تک پهونچی جو کهتے ہیں: ”ہم عهد رسول اللہ میں زیادہ حقدار تهے، کیونکہ ہم نے تم کو پناہ دی اور تمهاری نصرت کی، اور تم آج اپنے کو زیادہ حقدار سمجهتے ہو ، لیکن میں تمهاری باتوں کو چهوڑتا ہوں اور ان کا کوئی اثر نہیں لیتا، اور نہ ہی مجهے کسی چیز کا لالچ ہے، مگر یہ کہ جس چیز کا میں مستحق ہوں، والسلام“۔

اس کے بعد منبر سے اتر گیا۔
اس کی باتیں سن کر جناب فاطمہ وہاں سے اپنے گھر کی طرف روانہ ہوگئیں۔

قال ابن أبی الحدید: قرأت هذا الکلام علی النقیب أبی یحيٰ جعفر ابن یحيٰ بن أبی زید البصري، وقلت له: "بمن یعرض" ؟

فقال: "بل یصرّح"

قلت: "لو صرّح لم أسألک"

فضحک وقال: "بعلی بن أبی طالب علیه السلام"

قلت: "هذا الکلام کلّه لعلی یقوله"!!

قال: "نعم انّه الملک یا بني

قلت: "فما مقالة الأنصار؟

قال: "هتفوا بذکر علی علیه ا لسلام، فخاف من اضطراب الأمر علیهم، فنهاهم( شرح ابن ابی الحدید جلد ۱۶، ص۲۱۵)

ابن ابی الحدید کہتے ہیں:
" حضرت ابوبکرکی اس گفتگو کو میں نے استاد ابو یحیٰ جعفر بن یحیٰ بن ابی زید بصری کے سامنے پڑھا اور سوال کیا کہ اس کلام میں کس کی طرف اشارہ ہے تو انھوں نے کہا کہ اشارہ نہیں ہے بلکہ واضح طور پر بیان ہے، ابن ابی الحدید نے کہا کہ اگر واضح ہوتا تو میں آپ سے کیوں سوال کرتا، یہ سن کر ابو جعفر مسکرائے اور کہا :
یہ سب کچھ حضرت علی(علیہ السلام) کی طرف اشارہ ہے، ابن ابی الحدید بہت تعجب سے کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے یہ سب کچھ حضرت علی علیہ السلام کی شان میں کہا ہے ۔
ابو جعفر نے کہا کہ جی هاں یہ سب کچھ حضرت علی (ع) کی شان میں کہا کیونکہ وہ اس وقت کے خلیفہ اور بادشاہ تھے۔
اس کے بعد میں نے سوال کیا کہ انصار کی گفتگو کیا تھی؟ (جس کی بنا پر جناب ابوبکر نے کہا :
"تم میں سے بعض احمقوں کی باتیں مجھ تک پهونچی) ،تو ابوجعفر نے کہا انصار نے حضرت علی علیہ السلام کی حمایت میں آواز بلند کی (اور حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں رسول اللہ کی وصیت کو بیان کیا، یہ دیکھ کر جناب ابوبکر ڈرے اور اس کام سے روک دیا")